قال السیوطی :-

ویقاربہ ای صحیح الحاکم صحیح ابی حاتم بن حبان قیل ما ذکر من تساھل ابن حبان لیس بصحیح فان غایتہ انہ یسمی الحسن صحیحا (الرفع والتکمیل لعبد الحی ص۲۱)

قال السخاوی فی فتح المغیث :-

مع ان شیخنا ای الحافظ ابن حجر قد نازع فی نسبۃ الی التساھل الامن ھذہ الحیثیۃ ای ادراج الحسن فی الصحیح (ایضا)

باقی رہا مجہول کو ثقہ کہنا ؟ سو یہ مطلقاً نہیں ہے بلکہ اس کے لیے ان کی کچھ شروط ہیں۔

وان کانت باعتبار طفۃ شروطہ فانہ یخرج فی الصحیح ما کان راویہ ثقۃ غیر مدلس سمع من شیخہ وسمع منہ الاخذ منہ ولا یکون ھناک ارسال ولا انقطاع واذا لم یکن فی الراوی المجھول الحال جرح ولا تعدیل وکان کل من شیخہ والراوی عنہ ثقۃ ولم یات بحدیث منکر فھو ثقۃ عندہ وفی کتاب الثقات لہ کثیر ممن ھذا حالہ ربما اعترض علیہ فی جعلھم ثقات من لم یعرف اصطلاحہ ولا اعتراض علیہ (الرفع والتکمیل ص۲۱)

اس سے کم از کم یہ تو اندازہ ہو جاتا ہے کہ: ابن حبان کے نزدیک ابن قرظہ کی کوئی روایت محض اس کی وجہ سے "منکر" ثابت نہیں ہوئی۔

ناچیز نے جس مقصد کے لیے اسے پیش کیا ہے، اس کا انحصار صرف اس روایت پر نہیں ہے بلکہ دوسرے شواہد بھی سامنے ہیں، جیسا کہ مرقوم ہے۔ ہو سکتا ہے کہ اس سے بھی آپ کو اختلاف ہو جیسا کہ ہمارے اکثر افاضل اور بزرگوں کو ہے۔


# مناظر قیامت۔ قرآن کی زبان میں

تالیف: سید قطب شہید۔ ترجمہ: محمد نصر اللہ خاں خازن۔ پیش لفظ: ڈاکٹر سید عبداللہ

یہ کتاب قرآن کے بیان کردہ قیامت اور جنت و دوزخ کے ایک سو پچاس مناظر پر مشتمل عالم آخرت کی حقیقی تصویر پیش کرتی ہے جس میں انسان کے ساتھ پیش آنے والے حالات و واقعات اور اس پر طاری ہونے والی کیفیات کی ایک واقعاتی فلم آنکھوں کے سامنے آتی چلی جاتی ہے۔

تین سو پچاس سے زائد عنوانات پر مشتمل مباحث فہم قرآن اور تعمیر سیرت و اخلاق کا بہترین ذریعہ ہیں۔

کتابت، طباعت آفسٹ، سفید کاغذ، ٹائیٹل چار رنگا۔ قیمت: ۲۰/- روپے اور محصول ڈاک علاوہ

مکتبہ ایشیا ۱۰ آر بی۔ شاہ عالم مارکیٹ۔ لاہور